اصلی وطن

اصلی وطن

مسئلہ۵۳۳۔ اصلی وطن وہ جگہ ہے جہاں انسان نے اپنی ابتدائی زندگی (بچپن اور نوجوانی) کا بیشتر عرصہ گزارا ہو اور نشو و نما پائی ہو۔

مسئلہ۵۳۴۔ اصلی وطن ہونے کے لئے لازمی نہیں ہے کہ انسان اس جگہ پیدا ہوا ہو یا اس کے والدین کا وطن ہو، اسی طرح لازمی نہیں کہ ہمیشہ یا طویل عرصے کے لئے زندگی گزارنے کا قصد رکھتا ہو بلکہ اگر مستقبل میں وہاں سے کوچ کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو بھی جب تک اس جگہ کو چھوڑ کر وہاں سے چلا نہ جائے اس کا اصلی وطن شمار ہوگا۔

مسئلہ۵۳۵۔ اصلی وطن کہلانے کے لئے مطلوبہ مدت کا تعین عرف پر منحصر ہے مثلاً اگر کسی نے زندگی کے ابتدائی دس سال کسی جگہ زندگی بسر کی ہے تو عرف کی نظر میں اصلی وطن کہلائے گا اور اگر ایک یا دو سال رہا ہو تو وطن نہیں کہا جائے گا۔